09-12-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی اسمبلی کا سرمائی سیشن آج شروع ہوااور تلنگانہ تلی کے مجسمہ پر مباحث کے بعد ایوان کی کارروائی 16 دسمبر تک کے لئے ملتوی کردی گئی۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اب سے کچھ ہی دیر قبل ریاستی سکریٹریٹ میں تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی نقاب کشائی انجام دی۔

۳۔تلنگانہ ہائی کورٹ نے شہریت کے کیس میں بی آر ایس کے سابق رکن اسمبلی چنا مننی رمیش کی عرضی کو مسترد کردیا ہےاوران پر 30 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔

۴۔حکومت نے کہا ہے کہ گزشتہ دس سال کے دوران پانچ کروڑ سے زائد فرضی راشن کارڈس کی نشاندہی کر کے انہیں منسوخ کیا گیا۔

OO

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کا سرمائی سیشن آج شروع ہوا۔سکریٹریٹ کے احاطہ میں تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی تنصیب پر مباحث کے بعد ایوان کی کارروائی 16 دسمبر تک کے لئے ملتوی کردی گئی۔سیشن کا آغاز صبح ساڑھے دس بجے ہوا۔کارروائی شروع ہوتے ہی چیف منسٹر ریونت ریڈی نے تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی تنصیب کا اعلان کیا۔انہوں نے اپوزیشن کی تنقیدوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ مجسمہ تلنگانہ کی تہذیبی اور تاریخی اہمیت کی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین کو دعوت دی کہ وہ نقاب کشائی کی رسم میں شرکت کریں۔مجسمہ کی تنصیب پر ارکانِ اسمبلی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس اقدام کی تائید کی۔مباحث کے بعد اسپیکر گڈم پرساد کمار نے ایوان کی کارروائی 16 دسمبر تک کے لئے ملتوی کردی۔

OO

تلنگانہ ہائی کورٹ نے بی آر ایس کے سابق رکن اسمبلی چنا مننی رمیش پر اپنی سخت برہمی کا اظہار کیا۔عدالت نے کہا کہ انہوں نے شہریت کے معاملہ میں فرضی دستاویزات کا استعمال کرتے ہوئے عدالت کو کئی برسوں تک گمراہ کیا۔عدالت نے رمیش پر 30 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا۔ویملواڑہ کے سابق رکن اسمبلی رمیش کو عدالت نے ہدایت دی کہ وہ 25 لاکھ روپے اپنے حریف اور کانگریس کے موجودہ رکن اسمبلی آدی سرینواس کو ادا کریں اور 5 لاکھ روپے ہائی کورٹ کی لیگل سرویس اتھاریٹی کو ادا کریں۔ہائی کورٹ نے حکم دیا کہ یہ ادائیگی ایک مہینہ میں ہوجانی چاہئے۔عدالت نے ہندوستانی شہریت کو منسوخ کرنے کے حکومتِ ہند کے فیصلہ کے خلاف دائر کی گئی عرضی کو مسترد کردیا۔

OO

تلنگانہ کے وزیر امور مقنّنہ سریدھر بابو نے آج اسمبلی میں کہا کہ تلنگانہ تلی کا مجسمہ اِس انداز میں بنایا گیا ہے کہ اِس سے ریاست کی تاریخ اور تہذیبی ورثہ کی عکاسی ہوتی ہے۔تلنگانہ تلی کے مجسمہ پر مباحث کے دوران سریدھر بابو نے اِس اہم موقع پر ایوان سے غیر حاضر رہنے پر بی آر ایس کو تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے کہا کہ مجسمہ کے ڈیزائن کے بارے میں بامعنی مباحث میں شرکت کرنے کے بجائے بی آر ایس کے ارکان ایوان سے غیر حاضر رہے۔انہوں نے بی آر ایس کے قائدین سے کہا کہ وہ آج ایک دن کے لئے سیاست کو پرے رکھتے ہوئے مجسمہ کی نقاب کشائی کی تقریب میں شرکت کریں۔پنچایت راج کی وزیر سیتا اکا نے کہا کہ تلنگانہ کے چار کروڑ عوام کا خواب ریاست تلنگانہ کی تشکیل کے ساتھ شرمندۂ تعبیر ہوا۔انہوں نے کہا کہ ریاست کے لئے 60 سال سے جدوجہد جاری تھی۔سیتا اکا نے کہا کہ کانگریس کی حکومت نے تلنگانہ تلی کا مجسمہ اِس انداز میں

بنایا ہے کہ اِس سے تلنگانہ کے عوام کے جذبہ کی عکاسی ہوتی ہے۔ بی جے پی کے رکن اسمبلی پائل شنکر نے اِس رائے کا اظہار کیا کہ تمام سیاسی جماعتوں سے وسیع تر مشاورت کی جاتی تو اور بھی بہتر ہوتا۔ رکن اسمبلی پی سرینواس ریڈی تلنگانہ تلی کے مجسمہ کے ڈیزائن کی ستائش کی اور تمام سیاسی جماعتوں سے تعاون کی اپیل کی۔

OO

اسمبلی کے احاطہ میں آج اُس وقت کشیدہ صورتحال پیدا ہوگئی جب بی آر ایس کے ایم ایل ایز اور ایم ایل سیز کو سیکوریٹی کے عملہ نے گیٹ پر ہی روک دیا۔ سیکوریٹی کے عملہ نے بی آر ایس کے ارکان مقنّنہ کی جانب سے زیب تن کئے گئے ٹی شرٹس پر اعتراض کیا۔ اِن ٹی شرٹس پر اڈانی اور چیف منسٹر ریونت ریڈی کی تصاویر لگائی گئی تھیں۔ بی آر ایس کے ارکان مقنّنہ اور سیکوریٹی کے عملہ کے درمیان بحث ہوئی۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ٹی شرٹس پر اعتراض کو مسترد کردیا۔ احتجاج کی قیادت کرتے ہوئے کے ٹی راما راؤ اور بی آر ایس کے دیگر قائدین حکومت کے خلاف نعرے لگائے۔ انہوں نے اسمبلی اور کونسل میں داخلہ نہ دئے جانے پر احتجاج کیا۔ انہوں نے تلنگانہ تلی کے مجسمہ سے بتکماں نکالے جانے پر اعتراض کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجسمہ کا ہاتھ دکھانا بھی قابل اعتراض ہے کیونکہ یہ کانگریس کے انتخابی نشان کی عکاسی کرتا ہے۔ پولیس نے بی آر ایس کے احتجاجی ارکان مقنّنہ کو حراست میں لے لیا اور انہیں موٹر گاڑیوں میں وہاں سے منتقل کردیا۔

OO

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل یوم انسانی حقوق کے موقع پر دہلی میں قومی کمیشن برائے حقوق انسانی کی جانب سے منعقد کئے جانے والے پروگرام سے خطاب کریں گی۔ ہر سال 10 دسمبر کو یوم انسانی حقوق منایا جاتا ہے۔ اس سال تقاریب کا موضوع ''ہمارے حقوق، ہمارا مستقبل ہے''۔ اِس موضوع کے ذریعہ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ انسانی حقوق نہ صرف ایک امنگ ہے، بلکہ بہتر مستقبل کے لئے افراد اِور طبقات کو بااختیار بنانے کا ایک سیاسی آلہ ہے۔

OO

چیف منسٹر نے یہ اعلان بھی کیا کہ حکومت نے ہر سال 9 دسمبر کو یوم تلنگانہ تلی منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2009ء میں آج ہی کے دن اُس وقت کے مرکزی وزیر داخلہ پی چدمبرم نے اعلان کیا تھا کہ ریاستِ تلنگانہ کی تشکیل کا عمل شروع کیا جائے گا۔ 9 دسمبر کانگریس کی سینئر لیڈر سونیا گاندھی کی بھی سالگرہ ہے۔

OO

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اب سے کچھ ہی دیر قبل ریاستی سکریٹریٹ میں تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی نقاب کشائی انجام دی۔ اس کے ساتھ ہی ریاستی حکومت کی جانب سے منائی گئی پرجا پالنا تقاریب کا اختتام عمل میں آیا ہے۔ بعد میں ایک ڈرون شو ہوگا اور آتش بازی بھی کی جائے گی۔ چیف منسٹر ایک جلسہ عام سے بھی خطاب کریں گے۔ اس موقع پر کانگریس کی قیادت نے اپنی مدد آپ گروپوں کے ایک لاکھ ارکان اور پارٹی کارکنوں کو جمع کیا۔ کانگریس کی لیڈر اور سابق اے آئی سی سی صدر سونیا گاندھی کی سالگرہ کے موقع پر 3 روزہ تقاریب کا اختتام عمل میں آیا۔

○○

حکومت نے کہا ہے کہ گزشتہ دس سال کے دوران پانچ کروڑ سے زائد فرضی راشن کارڈس کی نشاندہی کرکے انہیں منسوخ کیا گیا۔ دہلی میں ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر اور ڈیجیٹل کنکٹی ویٹی پر میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی مملکتی وزیر ماحولیات کیرتی وردھن سنگھ نے بتایا کہ چار کروڑ سے زائد بوگس ایل پی جی کنکشن بھی ختم کردئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ سات لاکھ سے زیادہ نقلی ایم جی نریگا جاب کارڈس بھی منسوخ کئے گئے ہیں۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ وزارتِ اقلیتی بہبود کے تحت تقریباً 30 لاکھ فرضی استفادہ کنندگان کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں منسوخ کیا گیا۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت کے تحت دو کروڑ سے زیادہ فرضی استفادہ کنندگان منسوخ کئے گئے۔

○○

سی پی آئی کے رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راؤ نے کہا کہ ایوان میں بی آر ایس کے قائدین کی موجودگی کارآمد ہوسکتی تھی۔ تلنگانہ تلی پر مباحث کے دوران انہوں نے کہا اِس مجسمہ کا ڈیزائن بی آر ایس قائدین کی مرضی کے مطابق نہیں کیا گیا ہے بلکہ فنکاروں، شعرأ اور دانشوروں کے مشورہ پر اسے بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ارکانِ اسمبلی کی رائے لی جاتی تو اور بھی بہتر ہوتا۔ سامبا شیوا راؤ نے انتباہ دیا کہ اگر تلنگانہ تلی کا مجسمہ سیاسی تنازعہ کا نکتہ بن جاتا ہے تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔

○○

کئی آشا ورکرس نے اپنی تنخواہوں میں اضافہ کا مطالبہ کرتے ہوئے آج حیدرآباد کے کوٹھی علاقہ میں ڈائرکٹر آف میڈیکل ایجوکیشن کے دفتر پر احتجاج کیا۔ آشا ورکرس کی ایک بڑی تعداد دفتر کے روبرو جمع ہوئی اور انہوں نے مطالبہ کیا کہ کانگریس حکومت اپنے وعدہ کے مطابق ان کی تنخواہوں کو بڑھا کر 18 ہزار روپے کردے۔ ایک آشا ورکر سنتوشنی اُس وقت زخمی ہوگئی جب پولیس نے اسے زبردستی ایک پولیس ویان میں بیٹھانے کی کوشش کی۔ اس ورکر کو عثمانیہ جنرل ہاسپٹل منتقل کیا گیا ہے جہاں ایمرجنسی میڈیکل ونگ میں اس کا علاج جاری ہے۔ اس دوران بی آر ایس کے سینئر قائدین نے ہاسپٹل کا دورہ کیا اور زخمی خاتون کی عیادت کی۔

○○

کمرم بھیم آصف آباد اور منچریال اضلاع میں بعض مقامات پر آج غیر موسمی بارش کی وجہ سے خریدی کے مراکز پر منتقل کی گئی دھان بھیگ گئی۔ کمرم بھیم آصف آباد ضلع میں 6.9 ملی میٹر اوسط بارش درج کی گئی۔ منچریال ضلع میں 5 ملی میٹر بارش ہوئی۔ کسانوں نے کہا کہ اگر حکومت نے دھان نہیں خریدی تو انہیں بھاری نقصان ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نمی کی اعلیٰ حد کا حوالہ دئے بغیر اور اقل ترین امدادی قیمت کو کم کئے بغیر دھان خریدی جائے۔

○○

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج مختلف مسائل پر بار بار ملتوی ہوگئی۔ حکمران اور اپوزیشن ارکان نے ایک ممتاز تجارتی گروپ کے خلاف کرپشن کے الزامات اور ایک مشہور امریکی فاؤنڈیشن کے ساتھ کانگریسی قائدین کے مبینہ روابط اور دیگر مسائل پر ایک دوسرے پر الزامات عائد کئے۔ دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کے لئے ملتوی کردی گئی۔ لوک سبھا کی کارروائی تین مرتبہ ملتوی ہوئی۔ راجیہ سبھا میں بھی ایسے ہی مناظر دیکھے گئے۔ حکمراں اور اپوزیشن ارکان کے درمیان بحث و تکرار کی وجہ سے ایوان کی کارروائی تین مرتبہ ملتوی کرنی پڑی۔